جناب شفیق الدین فاروقی

# دار العلوم کے شب و روز

**حضرت مہتمم مدظلہ کی صحت:**

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ مولانا سمیع الحق کی صحت کچھ دنوں سے خراب چل رہی تھی، ڈاکٹروں نے تشخیص و آرام کی غرض سے کچھ دنوں کے لئے ہسپتال میں داخل کیا، اطلاع پھیل گئی تو عیادت کرنے والوں کا تانتا بندھ گیا اور ملک بھر میں مخلص احباب علماء وطلباء نے صحت کاملہ کا سلسلہ شروع کیا، اسی اثناء میں صحت کچھ بحال ہوئی تو اچانک سفر حج کا پروگرام بنا۔ ڈاکٹروں اور تیمارداروں کے اصرار سے منع کرنے کے باوجود مولانا مدظلہ نے حج کا سفر کیا اور الحمدللہ مناسک حج وزیارت بآسانی ادا ہوئے، اس وقت مولانا مدظلہ کی طبیعت روبہ صحت ہے، تاہم قارئین سے صحت کاملہ کے لئے دعاؤں کی اپیل ہے۔

**مہتمم واساتذہ دار العلوم کا سفر حج:**

الحمدللہ حسب سابق اس سال بھی دار العلوم حقانیہ سے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے والے اساتذہ کرام بخیر وعافیت وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ اوران حضرات نے دیار حرمین میں دار العلوم حقانیہ‘ اس کے مخلصین اوراس کے اساتذہ کے لئے خصوصی دعائیں مانگی۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ، شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب، مولانا راشد الحق، مولانا سید محمد یوسف شاہ، مولانا سید احمد شاہ، مولانا سعید الرحمٰن بن مولانا عبدالحلیم دیر بابا، مولانا عرفان الحق وغیرہ نے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ حضرت مولانا مدظلہ اوران کے اہل خانہ کو سعودی عرب کے فرمانروا شاہ عبداللہ حفظہ اللہ نے خصوصی شاہی مہمانوں (مراسم الملکیہ، رائل پروٹوکول) کا درجہ دیا اور نہایت اعزاز واکرام اور سہولتوں سے نوازا۔ اس کے علاوہ رائے ونڈ کے سالانہ اجتماع میں بھی دار العلوم کے کئی اساتذہ اور بڑی تعداد میں طلباء نے شرکت کی۔

**دار العلوم کے مخلص ڈاکٹر شیر علی خان صاحب مکی کا سانحہ ارتحال:**

ذی الحجہ ہی میں ممتاز معالج اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق ؒ کے دیرینہ عقیدت مند ڈاکٹر شیر علی خان صاحب مکہ مکرمہ میں داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ مرحوم کا حضرت شیخ الحدیث ؒ اوراس کے خاندان سے والہانہ عقیدت وتعلق اُس زمانہ سے تھا جس وقت ڈاکٹر صاحب نشتر میڈیکل کالج ملتان میں طالب علم تھے، جب بھی اپنے گاؤں اسماعیلہ آنے جانے کا موقع ملتا، حضرت ؒ سے ملنا اپنا اولین فرض سمجھتے۔ میڈیکل کالج سے